اس دعا کو ہر روز پڑھنا مستحب ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا ذَا الْمِنَنِ السَّابِغَةِ وَالْآلاَءِ الْوَازِعَةِ وَالرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ، وَالْقُدْرَةِ الْجَامِعَةِ وَالنِّعَمِ الْجَسِيمَةِ

اے معبود اے مسلسل نعمتوں والے اور عطا شدہ نعمتوں والے اے کشادہ رحمت والے۔ اے پوری قدرت والے۔

وَالْمَوَاهِبِ الْعَظِيمَةِ وَالْاَيَادِی الْجَمِيلَةِ وَالْعَطَايَا الْجَزِيلَةِ يَا مَنْ لاَ يُنْعَتُ بِتَمْثِيلٍ وَلاَ يُمَثَّلُ

اے بڑی نعمتوں والے اے بڑی عطاؤں والے اے پسندیدہ بخششوں والے اور اے عظیم عطاؤں والے اے وہ جس کے وصف کیلئے کوئی

بِنَظِيرٍ وَلاَ يُغْلَبُ بِظَهِيرٍ يَا مَنْ خَلَقَ فَرَزَقَ وَأَلْهَمَ فَأَنْطَقَ وَابْتَدَعَ فَشَرَعَ، وَعَلا فَارْتَفَعَ، وَقَدَّرَ

مثال نہیں اور جسکا کوئی ثانی نہیں جسے کسی کی مدد سے مغلوب نہیں کیا جاسکتا اے وہ جس نے پیدا کیا تو روزی دی الہام کیا تو گویائی بخشی نئے نقوش بنائے

فَأَحْسَنَ، وَصَوَّرَ فَأَتْقَنَ، وَاحْتَجَّ فَأَبْلَغَ، وَأَنْعَمَ فَأَسْبَغَ، وَأَعْطى فَأَجْزَلَ، وَمَنَحَ فَأَفْضَلَ يَا مَنْ

تو رواں کردیئے بلند ہوا تو بہت بلند ہوا اندازہ کیا تو خوب کیا صورت بنائی تو پائیدار بنائی حجت قائم کی تو پہنچائی نعمت دی تو لگاتار دی عطا کیا تو بہت

سَمَا فِی الْعِزِّ فَفَاتَ نَوَاظِرَ الْاَبْصَارِ، وَدَنَا فِی اللُّطْفِ فَجَازَ هَوَاجِسَ الْاَفْكَارِ يَا مَنْ تَوَحَّدَ بِالْمُلْكِ

زیادہ اور دیا تو بڑھاتا گیا اے وہ جو عزت میں بلند ہوا تو ایسا بلند کہ آنکھوں سے اوجھل ہوگیا اور تو لطف وکرم میں قریب ہوا تو فکر وخیال سے بھی آگے نکل

فَلاَ نِدَّ لَهُ فِی مَلَكُوتِ سُلْطَانِهِ وَتَفَرَّدَ بِالْآلاَءِ وَالْكِبْرِيَاءِ فَلاَ ضِدَّ لَهُ فِی جَبَرُوتِ شَأْنِهِ يَا مَنْ

گیا اے وہ جو بادشاہت میں یکتا ہے کہ جسکی بادشاہی کے اقتدار میں کوئی شریک نہیں وہ اپنی نعمتوں اور اپنی بڑائی میں یکتا ہے پس شان وعظمت میں کوئی اسکا

حَارَتْ فِی كِبْرِيَاءِ هَيْبَتِهِ دَقَائِقُ لَطَائِفِ الْاَوْهَامِ، وَانْحَسَرَتْ دُونَ إِدْرَاکِ عَظَمَتِهِ خَطَائِفُ

مقابل نہیں اے وہ جس کے دبدبہ کی عظمت میں خیالوں کی باریکیاں حیرت زدہ ہیں اور اس کی بزرگی کو پہچاننے میں مخلوق

أَبْصَارِ الْاَنَامِ . يَا مَنْ عَنَتِ الْوُجُوهُ لِهَيْبَتِهِ، وَخَضَعَتِ الرِّقَابُ لِعَظَمَتِهِ، وَوَجِلَتِ الْقُلُوبُ مِنْ

کی نگاہیں عاجز ہیں اے وہ جس کے رعب کے آگے چہرے **V** ہوئے ہیں اور گردنیں اسکی بڑائی کے سامنے نیچی ہیں

خِيفَتِهِ أَسْأَلُکَ بِهَذِهِ الْمِدْحَةِ الَّتِی لاَ تَنْبَغِی إِلَّا لَکَ وَبِمَا وَأَيْتَ بِهِ عَلَى نَفْسِکَ لِدَاعِيکَ

اور دل اسکے خوف سے ڈرے ہوئے ہیں میں سوال کرتا ہوں تیری اس تعریف کے ذریعے جو سوائے تیرے کسی کو زیب نہیں اور اس کے واسطے جو کچھ تو نے

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَبِمَا ضَمِنْتَ الْاِجَابَةَ فِيهِ عَلَى نَفْسِکَ لِلدَّاعِينَ يَا أَسْمَعَ السَّامِعِينَ، وَأَبْصَرَ

اپنے ذمہ لیا پکارنے والوں کی خاطر جو کہ مومنوں میں سے ہیں اس کے واسطے جسے تو نے پکارنے والوں کی دعا قبول کرنے کی ضمانت دے رکھی ہے

النَّاظِرِينَ،وَأَسْرَعَ الْحَاسِبِينَ، يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِينَ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّينَ وَعَلَى أَهْلِ بَيْتِهِ

اے سب سے زیادہ سننے والے اے سب سے زیادہ دیکھنے والے اے تیز تر حساب کرنے والے اے محکم تر قوت والے محمدؐ پر رحمت نازل فرما جو خاتم الانبیاء

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

وَاقْسِمْ لِی فِی شَهْرِنا هذَا خَیْرَ مَا قَسَمْتَ وَاحْتِمْ لِی فِی قَضَائِکَ خَیْرَ مَا حَتَمْتَ، وَاخْتِمْ لِی

ہیں اوران کے اہلبیت پربھی اوراس مہینے میں مجھے اس سے بہتر حصہ دے جوتو تقسیم کرے اوراپنے فیصلوں میں میرے لیے بہتر ویقینی فیصلہ فرما کر مجھے نواز

بِالسَّعادَةِ فِیمَنْ خَتَمْتَ وَأَحْیِنِی مَا أَحْیَیْتَنِی مَوْفُوراً وَأَمِتْنِی مَسْرُوراً وَمَغْفُوراً وَتَوَلَّ أَنْتَ نَجاتِی

اوراس مہینے کومیرے لیے خوش بختی پرتمام کردے اور جب تک تو مجھے زندہ رکھے فراواں روزی سے زندہ رکھ اور مجھے خوشی وبخشش کی حالت میں موت دے

مِنْ مُسائَلَةِ البَرْزَخِ وَادْرأْ عَنِّی مُنکَراً وَنَکِیراً، وَأَرِ عَیْنِی مُبَشِّراً وَبَشِیراً، وَاجْعَلْ لِی إِلَی

اور برزخ کی گفتگو میں تو خود میرا سرپرست بن جا منکر ونکیر کو مجھ سے دور اور مبشر وبشیر کو میری آنکھوں کے سامنے لا اور مجھے اپنی رضامندی اور بہشت کے

رِضْوَانِکَ وَجِنانِکَ مَصِیراً وَعَیْشاً قَرِیراً، وَمُلْکاً کَبِیراً، وَصَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِهِ کَثِیراً .

راستے پر گامزن کر دے وہاں آنکھوں کو روشن کرنے والی زندگی اور بڑی حکومت عطا فرما اور تو محمدؐ پر اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما بہت زیادہ۔

یہ دعا مسجد صعصعہ میں بھی پڑھی جاتی ہے جو مسجد کوفہ کے قریب ہے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com